سوال

جب چار رکعتوں والی نماز میں امام کو شک ہو کہ تین رکعات پڑھی ہیں یا چار؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب امام کو چار رکعتوں والی نماز میں شک ہو اور معلوم نہ ہو کہ اس نے تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار اور وہ سلام پھیر دے اور سلام کے بعد بعض مقتدی بتائیں کہ آپ نے تین رکعتیں پڑھی ہیں تو اس صورت میں کیا امام کو چوتھی رکعت پڑھنے کے لئے تکبیر تحریمہ بھی کہنی ہوگی یا وہ صرف کھڑے ہو کر تکبیر کہے بغیر سورہ فاتحہ پڑھنی شروع کر دے، اس حالت میں سجدہ سہو سلام سے پہلے ہوگا یا بعد میں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب امام یا منفرد کو رباعی نماز میں یہ شک ہو کہ اس نے تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار تو اس کے لئے واجب ہے کہ یقین پر بنا کرے اور ظاہر ہے کہ وہ کم تعداد ہوگی۔ لہذا انہیں تین شمار کرے اور چوتھی رکعت پڑھ کر سلام سے پہلے سجدہ سہو کرے کیونکہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا شَكَّ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَلَمْ يَدْرِ كَمْ صَلَّى ثَلَاثًا أَمْ أَرْبَعًا فَلْيَطْرَحِ الشَّكَّ وَلْيَبْنِ عَلَى مَا اسْتَيْقَنَ ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ قَبْلَ أَنْ يُسَلِّمَ فَإِنْ كَانَ صَلَّى خَمْسًا شَفَعْنَ لَهُ صَلَاتَهُ وَإِنْ كَانَ صَلَّى إِتْمَامًا لِأَرْبَعٍ كَانَتَا تَرْغِيمًا لِلشَّيْطَانِ (571/88) (صحیح مسلم)

''جب تم میں سے کسی کو نماز میں شک ہو اور یہ معلوم نہ ہو کہ اس نے تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار تو اسے چاہیئے کہ شک کو ترک کر دے اور یقین پر بنا کرے اور پھر سلام پھیرنے سے پہلے دو سجدے کرے، اگر اس نے پانچ رکعتیں پڑھی ہیں تو سجدے اس کی نماز کو جفت بنا دیں گے اور اگر اس نے نماز پوری پڑھی ہے تو یہ شیطان کے لئے موجب ذلت و رسوائی ہوں گے۔'' (صحیح مسلم)

اگر وہ تین پڑھ کر سلام پھیر دے اور پھر اسے بتایا جائے تو وہ تکبیر کہے بغیر نماز کی نیت سے کھڑا ہو جائے، چوتھی رکعت پڑھے۔ پھر تشہد کے لئے بیٹھے تشہد، درود شریف اور دعاء کے بعد سلام پھیر دے، پھر سہو کے دو سجدے کرے اور پھر سلام پھیر دے، ہر اس انسان کے لئے یہی صورت افضل ہے جو بھول کر نماز میں کمی کر بیٹھے۔ کیونکہ حدیث سے یہ ثابت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر یا عصر کی نماز میں دو رکعتیں پڑھ کر سلام پھیر دیا تھا اور جب ذوالیدین رضی اللہ عنہ نے یہ بتایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر نماز کو مکمل کیا اور سلام پھیر دیا، پھر سجدہ سہو کیا اور پھر سلام پھیر دیا۔ (1) اسی طرح حدیث سے یہ ثابت ہے کہ آپؐ نے ایک بار نماز عصر میں تین رکعات کے بعد سلام پھیر دیا، جب آپؐ کی خدمت میں اس سلسلہ میں عرض کیا گیا تو آپؐ نے چوتھی رکعت پڑھی، پھر سلام پھیر دیا، پھر سہو کے دو سجدے کئے اور پھر سلام پھیر دیا۔ (2)

---

1. صحیح مسلم کتاب المساجد باب سہو فی الصلاۃ والسجود لہ ح: 573

2۔ صحیح مسلم کتاب المساجد باب سہو فی الصلاۃ ح: 574

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص420

محدث فتویٰ